پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس،ایس بی ایس مارگ،شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

5 **نومبر** 2015

## ریزروبینک آف انڈیا نے
## دی وردھمان کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، ضلع جام نگر(گجرات) پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک نے دی وردھمان کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، ضلع جام نگر(گجرات) پر 5 لاکھ روپیہ کا مالی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(b) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ پڑھا جائے، میں حاصل اختیارات کے تحت عائد کیا ہے (یہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر بھی لاگو) اس بینک نے کے وائی سی (اپنے گاہک کو پہچانئے) سے متعلق ریزروبینک کی ہدایات کی خلاف ورزی کی اور (ii) مشکوک لین دین کی پہچان کے لئے کوئی نظام قائم نہیں کیا اور نہ ہی ایس ٹی آر کو ایف آئی یو (انڈیا) کے ساتھ داخل کیا اس کے علاوہ (iii) اپنے صارفین کی خطرات سے متعلق درجہ بندی صحیح طریقہ سے نہیں کی۔

ریزروبینک نے اپنے ذریعہ بینک کی جانچ کرنے سے نتائج کی بنیاد پر اس بینک کو ''وجہ بتاؤ'' نوٹس جاری کیا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب دیا اور ریجنل ڈائریکٹر ریزروبینک آف انڈیا احمد آباد کی سربراہی میں تشکیل سینئر آفیسرس کمیٹی کے سامنے ذاتی طور پر پیش ہوئے۔ کیس کے بارے میں حقیقت سے آگاہ ہونے کے بعد اور اس معاملہ میں حاصل بینک کے جواب سے مطمئن نہ ہو کر ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں ہوئی ہیں اور مالی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

**اجیت پرساد**
**اسسٹنٹ جنرل منیجر**

**پریس ریلیز** 1093/2015-2016